No. 1417 /ASF

## OFFICE OF THE SECRETARY
### Board of Intermediate and Secondary Education, Sahiwal

Dated.- 26-01/2022

040-4272151

## نوٹیفیکیشن

بورڈ ہذا کے زیر اہتمام میٹرک سالانہ امتحان 2022ء بحوالہ PBCC نوٹیفیکیشن نمبر 11-SY/PBCC/LHR مورخہ 20-01-2022 کے تحت مورخہ 10.05.2022 سے شروع ہوگا۔ مذکورہ امتحان کے لئے داخلہ فارم بمعہ امتحانی فیس شیڈول کے مطابق وصول کی جائے گی۔ شیڈول کے علاوہ کوئی داخلہ فارم قابل قبول نہ ہو گا۔ میٹرک سالانہ امتحان 2022ء کے داخلہ فارم کی وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے۔

| سیریل نمبر | شیڈول | حتمی تاریخ |
|---|---|---|
| ۱ | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 01-02-2022 تا 28-02-2022 |
| ۲ | ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 01-03-2022 تا 14-03-2022 |
| ۳ | ٹرپل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 15-03-2022 تا 22-03-2022 |

مذکورہ بالا امتحان کے سلسلہ میں شرح فیس داخلہ درج ذیل ہوگی۔

### ریگولر امیدواران

| امتحان سیکنڈری سکول | (نہم) پارٹ فرسٹ | (دہم) پارٹ سیکنڈ | کمبائنڈ فیس |
|---|---|---|---|
| سائنس گروپ | 650 روپے | 650 روپے | 1300 روپے |
| آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل مضمون | 600 روپے | 600 روپے | 1200 روپے |
| آرٹس گروپ مع پریکٹیکل مضمون | 650 روپے | 650 روپے | 1300 روپے |
| پروسیسنگ فیس | 395 روپے | 395 روپے | 395 روپے |
| سند فیس (صرف جماعت دہم کے ساتھ) | ---- | 600 روپے | 600 روپے |
| ڈویلپمنٹ فنڈ | ---- | 100 روپے | 100 روپے |
| پرائیویٹ امیدواران | | | |
| سائنس گروپ | 700 روپے | 700 روپے | 1400 روپے |
| آرٹس گروپ مع پریکٹیکل مضمون | 700 روپے | 700 روپے | 1400 روپے |
| آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل مضمون | 650 روپے | 650 روپے | 1300 روپے |
| رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ) | 800 روپے | 800 روپے (برائے کمپوزٹ) | 800 روپے |
| پروسیسنگ فیس | 395 روپے | 395 روپے | 395 روپے |
| سند فیس (صرف جماعت دہم کے ساتھ) | ---- | 600 روپے | 600 روپے |
| ڈویلپمنٹ فنڈ | 100 روپے | 100 روپے | 100 روپے |
| سکالرشپ فنڈ | ---- | 50 روپے | 50 روپے |

Result.pk

نوٹ:

۱۔ درج بالا شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ ۲۔ داخلہ فیس ہمراہ داخلہ فارم مقررہ تاریخ تک دفتر ہذا میں وصول ہونا لازمی ہے۔ ۳۔ پرائیویٹ امیدواران سے مبلغ -/800 روپے رجسٹریشن فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر وصول کی جائے گی۔ ۴۔ گورنمنٹ سیکٹر کے تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارموں کی وصولی کے شیڈول برائے جماعت نہم و دہم مورخہ یکم فروری 2022ء تا 28 فروری 2022ء کے دوران اپنے ادارے کے ریگولر طلباء/طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس کے جمع کروا سکیں گے۔ ۵۔ تاہم پروسیسنگ فیس مبلغ -/395 روپے اور اصل سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/600 روپے اور ڈویلپمنٹ فنڈ مبلغ -/100 روپے (فی امیدوار) ادا کرنے کے پابند ہونگے۔ ۶۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کرنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کرواتے وقت جماعت نہم و دہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس بمعہ دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ ۷۔ اسی طرح جماعت نہم میں شرکت کے بعد کامیابی حاصل نہ کرنے کی صورت میں جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ ۸۔ نیز ادارہ کا الحاق کوڈ بنک چالان کا نمبر مالیاتی فارم پر درج کرنا لازم ہوگا۔ ۹۔ **جمع شدہ داخلہ فیس نا قابل واپسی ہوگی۔** ۱۰۔ ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک ہے سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس بمعہ دیگر واجبات جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ ۱۱۔ واضح رہے کہ پروسیسنگ فیس مبلغ -/395 روپے اور اصل سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/600 روپے اور ڈویلپمنٹ فنڈ مبلغ -/100 روپے امیدوار کو کسی بھی صورت میں معاف نہیں ہے۔ ۱۲۔ تین گنا فیس بمعہ -/500 روپے یومیہ جرمانہ فیس کے ساتھ جمع ہونے والے داخلہ فارم کے حامل امیدواران کا امتحانی سنٹر تحصیل ہیڈ کوارٹر پر بنایا جائے گا۔ ۱۳۔ داخلہ فارم بمعہ بنک چالان برائے ادائیگی داخلہ فیس بورڈ کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے HBL کی نامزد برانچز میں شیڈول کے مطابق جمع کروائیں۔

(ڈاکٹر رابعہ اختر)
سیکرٹری

**کاپی برائے اطلاع:-**

1۔ جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن۔ 2۔ جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز) ساہیوال۔
3۔ پرنسپل/ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس، گورنمنٹ، ہائر سیکنڈری/ہائی سکولز، سرکاری اینڈ پرائیویٹ (الحاق شدہ) ادارہ جات حدود ساہیوال بورڈ۔ 4۔ جناب ڈائریکٹر تعلقات عامہ، ساہیوال برائے تشہیر الیکٹرانک پرنٹ میڈیا بذریعہ آر ٹی او، بورڈ ہذا۔ 5۔ جملہ آفیسران بورڈ اینڈ سسٹم اینالسٹ (برائے اپ لوڈنگ بورڈ ویب سائیٹ)۔

26-1-22

(اسسٹنٹ سیکرٹری (فنانس

Scanned with CamScanner